112320 ـ ماں کے چچا کی بیٹی سے شادی کرنا

سوال

کیا میرے لیے اپنی والدہ کے چچا کی بیٹی سے شادی کرنا جائز ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

انسان کا چچا اس کی ساری اولاد کا چچا ہوتا ہے، کیونکہ چچا باپ اور یا دادا کا بھائی ہوتا ہے، اس لیے ماں کا چچا اس کی اولاد کا بھی چچا شمار کیا جائیگا، اور اس کی اولاد اس ماں کی اولاد کے چچا کی اولاد ہوگی، اگرچہ بعض معاشروں میں ان پر ماموں کا نام بولا جاتا ہے خالہ کا، یہ صرف عرفی اطلاق ہے جو بعض لوگوں میں جاری ہے، یہ کوئی شرعی اور لغوی اطلاق نہیں.

اس بنا پر ماں کے چچا کی بیٹی آپ کے چچا کی بیٹی شمار ہوگی اور چچا کی بیٹی محرمات میں شامل نہیں ہوتی، اس لیے اس سے شادی کرنے میں کوئی حرج نہیں.

مزید تفصیل کے لیے آپ سوال نمبر (34791) کے جواب کا مطالعہ کریں، اس میں ہم نے اس مسئلہ میں شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کا فتوی بیان کیا ہے.

واللہ اعلم .